26/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

میٹنگ

مغربی ایشیا کی صورتحال کے پیش نظر کل پارلیمنٹ ہاوس کمپلیکس نئی دلی میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کی صدارت میں کُل جماعت میٹنگ منعقد ہوئی جس میں وزیر داخلہ امت شاہ ، وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور کئی دیگر مرکزی وزیروں نے شرکت کی ۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ حزب اختلاف کی تمام جماعتوں نے ابھرتی ہوئی صورتحال کے چلتے حکومت کی طرف سے کئے جا رہے تمام اقدامات کو تعاون دینے کا یقین دلایا ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ابھرتے ہوئے چلینجوں کا موثر طریقے پر مقابلہ کرنے کیلئے افراد اور اداروں کو با اختیار بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ بھارت کو دنیا کا ایک عظیم ملک بنانے کے خواب کوشرمندہ تعبیر کیا جا سکے۔

گاندھی نگر جمونمیں پدما شری پدما سچ دیو گورنمنٹ کالج فار وومن میں انڈین سوسائٹی فار ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے جموں چیٹر کا رسمی طور پر افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے کے ساتھ اشتراک کرکے اس عزم کو ISTD ایل جی نے یونیورسٹیوں اور اداروں پر زور دیا کہ وہ جامع شکل دینے میں اپنا رول ادا کریں۔

صوبائی کمشنر کشمیر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور وہ صرف سرکار کی طرف سے جا ری جانکاری پر ہی بھروسہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ وادی اور پیٹرولیم اشیاءکا وافر سٹاک موجود ہے۔ میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے LPGمیں انہوننے کہا ۔

اِدھر پلوامہ اور اننت ناگ کی ضلع انتظامیہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اشیائے ضروریہ ، پیٹرول اور ڈیزل کی قلعت سے متعلق سوشل میڈیا پر آ رہی خبروں پر دھیان نہ LPG بالخصوص

دیں۔ انہوں نے وضاحت کی ہے کہ ایندھن اور رسوئی گیس کی وافر سٹاک موجود ہے اور لوگوں کو گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔

رام نومی

آج پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی بھگوان شری رام کا جنم دن یعنی رام نومی مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں آج مندروں میں خصوصی پوجا پاٹھ کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

مبارک باد

صدر جمہوریہ دروپدی مر مو ، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی ، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رام نومی کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے لوگوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کا بینہ وزیر ستیش شرما، سکینہ ایتو، جا وید احمد ڈار، جا وید احمد رانا نے بھی لوگوں کو رام نومی کی مبارکباد دی ہے۔ وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی لوگوں کو رام نومی کی مبارک باد دی ہے۔

جن دیگر شخصیات نے لوگوں کو رام نومی کی مبارک باد دی ہے ان میں نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، پی ڈیی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی ، جموں JDUصدر کشمیر وی کے بردی ، صوبائی کمشنر IGPنلین پربھات، DGPوکشمیر کے صدر جی ایم شاہین، کشمیر انشل گرگ اور اینٹی کورپشن جموں وکشمیر کے ڈائریکٹر شکتی پاٹھک شامل ہیں۔

ACB

جموں و کشمیر نے آرونی اننت ناگ کے نائب تحصیلدار مشتاق احمد بٹ کو 20 ہزار روپے ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ACB کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا ہے۔ ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔

مشیر

Royal Springs Golf وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے کل چشمہ شاہی سرینگر میں کی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت د Golf Course کا دورہ کر کے Course ی کہ وہ گالف کورس میں سہولیات کو بڑھاوا دنے کی خاطر ہر ممکن اقدامات کریں ۔

DIV COM JAMMU

ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار نے کل انسپکٹر جنرل آف پولیس بھیم سین توتی اور دیگر ا فسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران جموں میراتھن 2026 کے کامیاب انعقاد سے متعلق کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر بتایا گیا کہ 29 مارچ کو منعقد ہونے والے اس میراتھن کے لئے مختلف محکموں کی طرف سے تمام لازمی اقدامات کئے گئے ہیں ۔

SKUAST

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی کی صدارت میں ایک اعلیٰ سط□ کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں دیگر افسروں کے
Hassina کے ایک وفد کی قیادت فاونڈیشن کی ڈائریکٹر Morocco فاونڈیشن OCP علاوہ
نے Gaurav Vats انڈیا فاونڈیشن کے چیف آپریٹنگ آفیسر ISAP کر رہی تھیں اور Moukhariq
شرکت کی ۔ اس موقعہ پر ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ